سوال

(1064) نمازِ عیدین کی تکبیرات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز عیدین کی پہلی رکعت میں سات تکبیریں ہیں جو کہ تکبیر تحریمہ کے علاوہ ہیں یا تکبیر تحریمہ سمیت سات تکبیریں ہیں؟ اور کیا دوسری رکعت میں تکبیر قیام کے علاوہ پانچ تکبیریں ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نماز عیدین میں بارہ تکبیریں تکبیر تحریمہ اور دوسری رکعت میں انتقالی تکبیر (جو سجدے کے بعد کھڑے ہوتے ہوئے کہی جاتی ہے) کے علاوہ ہیں۔ ''دار قطنی'' کی روایت میں ہے:

'سِوٰی تَکْبِیرَةِ الاِفْتِتَاحِ' (سنن الدار قطنی، کِتَابُ العِیدَینِ، رقم:۱۷۲۰)

اور ابوداؤد کی روایت میں ہے:

'سِوٰی تَکْبِیرَتَیِ الرُّکُوعِ۔' (سنن أبی داود، بَابُ التَّکْبِیرِ فِی العِیدَینِ، رقم:۱۱۵۰)

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! (التحفۃ: ۳ ۸۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 844

محدث فتویٰ